## چیف آف آرمی اسٹاف کی مدت ملازمت میں توسیع ملک کیلئے خوش آئند ہے، الطاف حسین

لندن۔۔۔23، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق جناب الطاف حسین نے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل اشفاق پرویز کیانی کی مدت ملازمت میں توسیع کو ملک کے لئے خوش آئند قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جنرل اشفاق پرویز کیانی نے دہشت گردی کے خلاف جس جرات وہمت کے ساتھ نہ صرف آپریشن کیا بلکہ اب تک وہ آپریشن جاری ہے اور پاکستان کی مسلح افواج کا یہ عزم ہے کہ وہ ان دہشت گردوں کے خاتمے تک ان کے خلاف کارروائی کرتی رہے گی۔ جناب الطاف حسین نے امید ظاہر کی کہ جنرل اشفاق پرویز کیانی کی سربراہی میں پاک افواج دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگی۔

## ایم کیوایم کے تحت یادگار شہدائے حق کا افتتاح جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں پیر کے روز ہوگا

## الطاف حسین لندن سے یادگار کا افتتاح اور جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔23 جولائی، 2010ء

جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم کے ہزاروں شہید کارکنان کی یاد میں تعمیر کی جانے والی ''یادگار شہدائے حق'' کا افتتاح مورخہ 26، جولائی پیر کو متحدہ قومی موومنٹ کے 13 یوم تاسیس کے موقع پر کیا جائے گا۔ ''یادگارِ شہدائے حق کا افتتاح ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے کریں گے اور اس موقع پر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ بڑے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ متحدہ قومی موومنٹ کے 13 ویں یوم تاسیس اور ''یادگار شہدائے حق'' کی افتتاحی تقریب کے سلسلے میں کارکنان میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے۔ جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں یادگار شہدائے حق کی افتتاحی تقریب کی تیاریوں میں سینکڑوں کارکنان مصروف ہیں، اس سلسلے میں تشکیل دی گئی کمیٹیاں مکمل طور پر فعال ہیں اور اپنے اپنے کام احسن طریقے سے انجام دے رہی ہیں۔

## بریگیڈیئر امتیاز اور اور نصیر اختر کے بعد کرنل محمد اقبال خان نیازی کا اعتراف حق کی فتح ہے، رابطہ کمیٹی

## جناح پور سازش اور حکیم سعید قتل کیس کو جواز بنا کر ایم کیوایم کے 15 ہزار کارکنان کو شہید کردیا گیا

## جتنا زہریلا پروپیگنڈہ ایم کیوایم کے خلاف کیا گیا اتنا پاکستان کی کسی سیاسی جماعت کے خلاف نہیں کیا گیا

## لینڈ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر نے ہماری آبادیوں میں اپنے اڈے بنالیے ہیں

## نائن زیرو عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان کی ہنگامی پریس کانفرنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور صوبائی وزیر رضا ہارون نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کیخلاف جناح پور کی سازش کے حوالے سے انٹیلی جنس بیورو کے سابق سربراہ بریگیڈیئر امتیاز احمد اور سابق کور کمانڈر کراچی جنرل (ر) نصیر اختر کے اعترافی بیانات کے بعد اب انٹیلی جنس بیورو کے سابق ڈائریکٹر ریٹائرڈ کرنل محمد اقبال خان نیازی کا یہ اعتراف کہ متحدہ قومی موومنٹ حکیم سعید کے قتل کیس میں ملوث نہیں تھی دراصل قائد تحریک جناب الطاف حسین ان کے پندرہ ہزار شہداء اور حق کی فتح ہے فتح مندی کا یہ سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا اور ایم کیوایم پر عائد کیے گئے بلا جواز الزامات ختم ہوتے رہیں گے۔ اگر ماضی میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات کے بروقت نوٹس لے لیے جاتیں تو ایم کیوایم کے پندرہ ہزار بے گناہ کارکنان شہید نہیں ہوتے۔ ایم کیوایم اس وقت کے حکمرانوں اور ارباب اختیار کو اپنے کارکنوں کا قاتل سمجھتی ہے اس سلسلے میں قانونی چارہ جوئی کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے ماہرین قانون قانونی چارہ جوئی کا جائزہ لیں گے یہ بات انہوں نے جمعہ کی شام دیگر ارکان رابطہ کمیٹی شعیب احمد بخاری، واسع جلیل، کنور خالد یونس، ڈاکٹر صغیر احمد اور اشفاق منگی کے ہمراہ ایک ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اپنے اوپر عائد الزامات کی صفائی پیش کرتی رہی ہے لیکن اب اللہ کے نظام انصاف کے تحت آج خود اس وقت کے ارباب اختیار نے اعتراف کیا ہے کہ حکیم سعید کے قتل کا کیس ایم کیوایم پر سراسر غلط تھا ہم نے ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے اگر جناب الطاف حسین کی نشاندہی پر بروقت نوٹس لیا جاتا تو ہمارے 15 ہزار کارکنان شہید نہیں ہوتے ان کا خون ان ہی سازشی عناصر کے سر جاتا ہے ہم سمجھتے ہیں کہ اس وقت کے حکمراں ہمارے کارکنان کے قتل کے ذمہ دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی بہت بڑا شہر ہے اس کے مسائل کو سمجھنا ضروری

ہے کراچی کی موجودہ صورتحال سے قائد تحریک جناب الطاف حسین گزشتہ تین سال سے سب کو آگاہ کررہے ہیں۔ لینڈ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر نے ہماری آبادیوں میں اپنے اڈے بنالیے ہیں وہ کسی وقت بھی کچھ بھی کرسکتے ہیں اگر اب بھی سنجیدہ رویہ اختیار کرلیا جائے تو مسائل حل کیے جاسکتے ہیں، کور کمیٹی کے اجلاسوں میں ہم کراچی کی صورتحال خراب کرنے میں لینڈ مافیا کے ملوث ہونے کی نشاندہی کرچکے ہیں جبکہ امن وامان کے حوالے سے ہونے والے اعلیٰ سطحی اجلاسوں میں اس پر بات ہوچکی ہے جب حکومت لینڈ مافیا کیخلاف کوئی اقدام کرتی ہے تو کہا جاتا ہے کہ یہ تجاوزات کرنے والے نہیں بلکہ غریب لوگ ہیں حیرت اس بات کی ہے کہ وہ ایسے غریب ہیں کہ جن کے پاس جدید ترین اسلحہ ہے اور وہ پولیس پر گولیاں چلاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لینڈ مافیا کیخلاف کارروائی ہوئی تو دیکھنا ہوگا کہ ان کے پشت پناہ کون ہیں اور کون لوگ ان کی حمایت کررہے ہیں اور کس جماعت کے رہنماء وہاں سے گرفتار ہوتا تو کس جماعت کے رہنماء اس کے حق میں بیان دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیاری کے لوگ پرامن اور ملک سے محبت کرنے والے ہیں وہاں گینگ وار جاری ہے، پہلے جرائم پیشہ افراد کراچی میں وارداتیں کرکے علاقہ غیر چلے جاتے تھے اب یہی لوگ کراچی میں پناہ لیتے ہیں۔ لہٰذا لینڈ مافیا کیخلاف اب اقدامات کا آغاز ہوجانا چاہئے اگر ایسی کارروائی ہو تو تمام سیاسی جماعتوں کو اس کی حمایت کرنا چاہئے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کراچی کے حالات خراب ہوں تو پورے ملک کا نقصان ہوتا ہے ہم کراچی کے صورتحال کے بارے میں صدر مملکت آصف علی زرداری کو آگاہ کرچکے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہم آج کی پریس کانفرنس میں کراچی کی خراب صورتحال کے حوالے سے اس میں ملوث لینڈ مافیا کی نشاندہی کررہے ہیں، مخلوط حکومت میں شامل کسی سیاسی جماعت کو الزام نہیں دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب سے ایم کیوایم وجود میں آئی ہے اسے استحصالی طبقہ اور اس کے زرخرید ایجنٹوں کی سازشوں اور انتہائی منفی اور زہریلے پروپیگنڈے کا سامنا ہے اور سیاسی سمجھ بوجھ رکھنے والا ہر فرد اس حقیقت سے اچھی طرح آگاہ ہے کہ جتنا زہریلا پروپیگنڈہ ایم کیوایم کے خلاف کیا گیا اتنا پاکستان کی سیاسی تاریخ میں آج تک کسی اور سیاسی جماعت کے خلاف نہیں کیا گیا، جتنے شرمناک الزامات ایم کیوایم پر تھوپے گئے اتنے کسی بھی جماعت پر نہیں لگائے گئے، غریب ومتوسط طبقہ سے جنم لینے والی ایم کیوایم کو ختم کرنے اور اسے پاکستان سمیت دنیا بھر میں بدنام کرنے کیلئے مختلف ادوار میں جس قدر بڑے پیمانے پر سرکاری وسائل استعمال کئے گئے ایسا کبھی کسی اور سیاسی یا مذہبی جماعت کے خلاف نہیں کیا گیا۔ رضا ہارون نے کہا کہ 19 جون 1992ء کو ایم کیوایم کے خلاف ریاستی آپریشن شروع ہوا تو اس آپریشن کو جائز اور ایم کیوایم کو پوری دنیا خصوصاً پاکستان کے عوام کی نظر میں ایک ملک دشمن اور علیحدگی پسند جماعت قرار دینے کیلئے اس پر جناح پور کا بھونڈا اور شرمناک بہتان لگایا گیا اور اس کے ثبوت کے طور پر جناح پور کے جعلی اور خودساختہ نقشے بھی پیش کئے گئے۔ اس حوالے سے اخبارات میں طرح طرح کی کہانیاں پیش کرکے برسوں تک دنیا بھر میں اس کا ڈھول پیٹا گیا...... ہم چیخ چیخ کر کہتے رہے کہ یہ سب جھوٹ ہے...... بہتان ہے...... لیکن ہماری بات پر یقین نہیں کیا گیا اور سرکاری ایجنسیوں کے ٹکڑوں پر پلنے والے تمام لوگ ایم کیوایم پر جناح پور کا شرمناک بہتان لگا کر اسے بدنام کرتے رہے اور ایک بہتان کی بنیاد پر شروع کئے گئے ریاستی آپریشن کے دوران ایم کیوایم کے 15 ہزار معصوم وبے گناہ کارکنوں کو بیدردی سے شہید کردیا گیا۔ چندماہ قبل بریگیڈیئر ریٹائرڈ امتیاز احمد جو 1992ء میں انٹیلی جنس بیورو کے سربراہ تھے انہوں نے میڈیا پر آکر صاف اور واضح الفاظ میں قوم کے سامنے یہ حقیقت کھول کررکھ دی کہ جناح پور کی سازش سراسر ایک ڈرامہ تھی اور اس میں کوئی حقیقت نہیں تھی۔ اس وقت کے کور کمانڈر کراچی جنرل نصیر اختر نے بھی جناح پور کی سازش سے لاعلمی کا اظہار کیا جس کے بعد ملک کے دیگر حصوں کے عوام کو بالآخر یقین آیا کہ ہم پر لگایا جانے والا جناح پور کا الزام سراسر جھوٹا اور بے بنیاد تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم دشمن قوتوں کی جانب سے ایم کیوایم کو بدنام کرنے اور عوام میں اس کا امیج خراب کرنے کیلئے ایک یہ گھناؤنا کھیل بھی شروع سے کھیلا جاتا رہا ہے کہ پہلے خود لوگوں کو قتل کرایا گیا اور پھر اس کا الزام ایم کیوایم کے سر تھوپا گیا۔ میاں نوازشریف کے دوسرے دورحکومت میں 1998ء میں ایم کیوایم کے خلاف ایک مرتبہ پھر بڑے پیمانے پر آپریشن شروع کرنے کا جواز پیدا کرنے کیلئے ایک بہت بڑی سازش تیار کی گئی جس کے تحت ملک کی ممتاز سماجی شخصیت حکیم سعید کو کراچی میں قتل کیا گیا اور ایم کیوایم کو کچلنے کی پالیسی کے تحت اس قتل کا الزام اس وقت کے وزیراعظم نوازشریف نے ایم کیوایم کے سر تھوپ دیا، اسی سازش کے تحت سندھ میں گورنر راج نافذ کیا گیا اور ایم کیوایم کے خلاف بڑے پیمانے پر دوبارہ آپریشن شروع کردیا گیا، ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنوں اور رہنماؤں کو گرفتار کیا گیا اور حکیم سعید قتل کیس میں گرفتار کئے گئے ایم کیوایم کے کئی کارکنوں پر سرکاری ایجنسیوں کے تیارکردہ بیانات کا اعتراف کروانے کیلئے سرکاری حراست میں بہیمانہ تشدد کا نشانہ بھی بنایا گیا جسکے نتیجے میں ایم کیوایم کے کارکن فصیح جگنو شہید بھی ہوگئے۔ حکیم سعید قتل کیس میں ایم کیوایم کے کارکنوں کو کینگرو کورٹ سے سزائیں بھی سنائی گئیں لیکن چونکہ ایم کیوایم کے کارکنان اس میں قطعی طور پر ملوث نہیں تھے لہٰذا ہائیکورٹ سے ایم کیوایم کے کارکنوں کو باعزت بری کردیا گیا تھا۔ اس کے باوجود ایم کیوایم دشمن عناصر ایم کیوایم پر حکیم سعید کے قتل کا الزام لگاتے رہے لیکن ریٹائرڈ کرنل محمد اقبال خان نیازی جو کہ 1998ء میں انٹیلی جنس بیورو کے ڈائریکٹر جنرل تھے، انہوں نے گزشتہ روز ایک نجی ٹی وی چینل کے ایک پروگرام میں اپنے انٹرویو میں حکیم سعید قتل کیس میں ایم کیوایم کو ملوث کرنے کی ساری کہانی قوم کے سامنے کھول کررکھ دی ہے اور واضح طور پر کہا ہے کہ اس وقت آئی بی کی تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق حکیم سعید کے قتل میں ایم کیوایم بالکل ملوث نہیں تھی، ایم کیوایم پر اس کا ملبہ ڈالا گیا۔ کرنل اقبال خان نیازی نے اپنے انٹرویو میں تفصیل سے بتایا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکن کو دوران حراست بہیمانہ تشدد کرکے جو اعترافی بیان بھی لیا گیا وہ بھی غلط

ثابت ہوا۔کرنل اقبال نیازی کا کہنا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکن سے جس طرح تشدد کر کے اعترافی بیان لیا گیااس کی وڈیوانہوں نے آئی بی سندھ کے جوائنٹ ڈائریکٹر کے ہمراہ اس وقت کے وزیراعظم نواز شریف اوراحتساب بیورو کے سیف الرحمٰن کو گورنر ہاؤس لیجا کر دکھائی بھی لیکن اس کے باوجود ایم کیوایم کوملوث کردیا گیا جس کے انعام کے طور پر رانا مقبول کوآئی جی سندھ بنادیا گیا اور دیگر پولیس افسران کوترقیاں دی گئیں۔حکیم سعید قتل اورہفت روزہ تکبیر کے مدیر مولانا صلاح الدین کے قتل میں ایم کیوایم کوکس طرح ملوث کیا گیااورکس نے کیااس کی کہانی انگریزی ماہنامہ ہیرالڈ کی اس ماہ کی اشاعت میں ممتاز صحافی ادریس بختیار کی شائع ہونے والی رپورٹ بعنوانPast Imperfact میں بھی تفصیل سے بیان کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم توبرسوں سے کہہ رہے ہیں کہ ایم کیوایم پرلگائے جانے والے الزامات جھوٹ پرمبنی ہیں لیکن خدا کا انصاف یہ ہے کہ اب سرکاری ایجنسیوں کے حکام خودقوم کے سامنے آکراس حقیقت کااعتراف کررہے ہیں کہ ایم کیوایم پرلگائے گئے الزامات جھوٹے ہیں۔پہلے بریگیڈیئرامتیاز،جنرل نصیراختراوراب کرنل ریٹائرمحمد اقبال خان نیازی نے جوحقائق قوم کے سامنے بیان کئے ہیں کیااس کے بعدبھی ایم کیوایم پر بہتان تراشی کرنے کا کوئی جواز باقی رہتاہے؟ایم کیوایم کوبدنام کرنے کیلئے جس طرح ماضی میں اس پر جناح پور کی سازش اور حکیم سعید،صلاح الدین اور دیگرافراد کے قتل کے جھوٹے الزامات لگائے گئے اب پھرایم کیوایم دشمن عناصرایک منظّم سازش کے تحت کراچی میں ہونے والے قتل کے واقعات میں ایم کیوایم کوملوث کرنے کی بھونڈی کوشش کررہے ہیں۔حقیقت تو یہ ہے کہ کراچی میں ایک طرف تو لیاری کے بدنام زمانہ جرائم پیشہ گروپوں کے درمیان گینگ وار جاری ہے جس کا دائرہ اب لیاری سے بڑھ کرکراچی کے دیگرعلاقوں تک پھیل چکا ہے،سبھی جانتے ہیں کہ ایک گینگ کوحکومت کے بعض لوگوں کی حمایت بھی حاصل ہے۔دوسری طرف شہر کے مختلف علاقوں میں لینڈ مافیااورڈرگ مافیا کے مختلف گروپوں سے تعلق رکھنے والے جرائم پیشہ عناصرایک دوسرے کونشانہ بنارہے ہیں تو تیسری جانب پیشہ ورقاتل بھی شہر میں سرگرم ہیں،چوتھی جانب اغوابرائے تاوان کی وارداتیں ہورہی ہیں جس کے دوران بھی قتل ہورہے ہیں ۔اگرگزشتہ چندروز کے دوران کراچی میں قتل ہونے والے افراد کی سچائی اورغیر جانبداری کے ساتھ الگ الگ تحقیقات کرائی جائے تو معلوم ہوجائے گا کہ بیشتر مقتولین جیلوں سے چھوٹنے والے اور جرائم پیشہ ہیں جن کا جرائم کی دنیا میں کسی نہ کسی کے کوئی نہ کوئی تنازعہ تھا اور بعض لوگ کسی ذاتی جھگڑے یادشمنی کی بنیاد پرقتل ہوئے لیکن یہ امرانتہائی قابل مذمت ہے کہ ایم کیوایم مخالف عناصراورمیڈیا کے بعض لوگ اور بعض متعصب تجزیہ نگار جو ماضی میں بھی دنیا بھر میں ہونے والے ہرواقعہ میں ایم کیوایم کوملوث قرار دیتے آئے ہیں وہ کراچی میں ہونے والے قتل کے ان واقعات میں بھی ایم کیوایم کوملوث کرنے کی گھناؤنی کوشش کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ہم سمجھتے ہیں کہ جس طرح بعض عناصر کی جانب سے کراچی کے ان واقعات میں ایم کیوایم کوملوث کرنے کی کوشش کی جارہی ہے وہ ایم کیوایم کے خلاف ماضی میں کی جانے والی انہی سازشوں کا حصہ دکھائی دیتاہے کہ قتل خودکراؤاورالزام ایم کیوایم پرڈال دو اوراس کوجواز بناکرایم کیوایم کوبدنام کرواوراس کے خلاف کسی کارروائی کا آغاز کیاجائے ۔ہم سمجھتے ہیں کہ جس طرح بریگیڈیئرامتیاز نے جناح پور کی کہانی بےنقاب کی،جس طرح ریٹائرڈ کرنل اقبال خان نیازی نے حکیم سعید کے قتل میں ایم کیوایم کوملوث کرنے کا بھانڈا پھوڑاہے اسی طرح انشاء اللہ کراچی میں ہونے والے قتل کے ان واقعات کے پیچھے کارفرما عناصر بھی بےنقاب ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ دوروزقبل جمشید ٹاؤن پولیس نے عوامی نیشنل پارٹی کے یوتھ ونگ کے رہنما ماجد کشمیری کومنشیات کے اڈے سے گرفتار کیااور یہ جرائم پیشہ شخص شہر میں ہونے والے کئی قتل اور جرائم کی مختلف وارداتوں میں پولیس کومطلوب ہے،جبکہ شہر میں ہونے والے کئی قتل میں ملوث لیاری گینگ وار کے بھی کئی کرداروں کوگرفتار کیاجاچکا ہے جس سے ظاہر ہوتاہے کہ شہر میں قتل اور جرائم کی وارداتیں کون کررہاہے لیکن ایم کیوایم دشمن عناصر کی جانب سے ایم کیوایم کوہی ملوث کرنا ایم کیوایم کے خلاف ایک گہری سازش کا حصہ معلوم ہوتاہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ کراچی میں ہونے والے قتل کے ان واقعات کی عدالتی تحقیقات کرائی جائے اوراس میں ملوث عناصر کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے ہم ایم کیوایم دشمن تمام عناصر سے یہ کہتے ہیں کہ وہ ماضی میں بھی ایم کیوایم کے خلاف ہرقسم کے گھناؤنے ہتھکنڈے اختیار کرکے دیکھ چکے ہیں اورانہیں سخت ناکامی اورذلت ورسوائی کا سامنا کرناپڑاہے اورآج بھی وہ ایم کیوایم کے خلاف جہاں جہاں جوجوسازشیں کررہے ہیں اور بہتان تراشی کا جوعمل کررہے ہیں وہ سب اللہ تعالیٰ دیکھ رہاہے اوراللہ تعالیٰ ہی بہترانصاف کرنے والا ہے اوروہ بہتان تراشی کرنے والوں کوجلدہی ذلت ورسوائی سے دوچار کرے گا۔

## ملک میں بجلی اور پانی کیلئے روز روز عوامی احتجاج امن پسند حلقوں کیلئے لمحہ فکریہ ہے،حق پرست ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔23، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کراچی، حیدرآباد سمیت ملک بھر میں بجلی کی طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ اور پانی کی قلت کے باعث عوام میں پائی جانے والے اشتعال پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ بجلی اور پانی کے بحران کو ملک کی اقتصادی، معاشی، صنعتی اور کاروباری ترقی پر کھلی قدغن قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام پانی اور بجلی کے بحران کا برسوں سے شکار ہیں لیکن حکومتی سطح پر دعوے اور وعدوؤں کے علاوہ کسی قسم کے کوئی عملی اقدامات دیکھنے میں نہیں آرہے ہیں جبکہ بجلی کی تقسیم کار کمپنیاں بھی عوام کا خون چوس رہی ہیں جس کے باعث عوام کی زندگی اجیرن بن گی ہیں اور وہ آئے روز احتجاج پر مجبور ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جمہوری ملک میں بجلی اور پانی کیلئے روز روز عوامی احتجاج امن پسند حلقوں کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی، حیدرآباد سمیت ملک بھر میں بجلی اور پانی کے بحران کا سختی سے نوٹس لیا جائے، پانی اور بجلی کے بحران سے نجات دلانے کیلئے متعلقہ اداروں سے سختی سے بازپرس کی جائے اور عوام کو دونوں بنیادی سہولتوں کی فراہمی میں رکاوٹوں کو فی الفور دور کیا جائے۔

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 99، یونٹ 98 اور یونٹ 96 کے کارکنان کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا گیا

کراچی۔۔۔23 جولائی 2010

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 99 کے کارکنان عابد ظفر ولد ظفر احمد، شاہد ظفر ولد ظفر احمد اور زاہد ظفر ولد ظفر احمد، ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن وسابق حق پرست کونسلر رضا الدین ولد ایاز الدین اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 98 کے کارکن باسط ولد محمد صدیق کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ افراد سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## چکرا گوٹھ کی سندھی و بلوچ برادریوں کے کئی معززین اور نوجوانوں کی ایم کیوایم میں شمولیت

کراچی۔۔۔23، جولائی 2010ء

چکرا گوٹھ یوسی 3 کورنگی ٹاؤن کے سندھی و بلوچ برادریوں کے کئی معززین اور نوجوانوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اشفاق منگی، توصیف خانزادہ اور گلفراز خان سے ایک وفد کی صورت میں ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم، اراکین سید معین الدین اور یار محمد کھوسو بھی موجود تھے۔ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے معززین اور نوجوانوں نے رابطہ کمیٹی کے اراکین سے گفتگو کے دوران اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ ملک بھر کے مظلوم عوام کی آواز بن چکا ہے اور اب متحدہ قومی موومنٹ کو ہی مظلوم عوام ملک کی حکمرانی سونپنا چاہتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم ایک انقلابی تحریک ہے اور اس میں شامل تمام افراد عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہیں اور ملک وقوم کو اب اسی جذبہ خدمت کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک کے چپے چپے میں حق پرستی کا پیغام پہنچائیں گے اور ملک بھر کے مظلوم عوام کو ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد سے آگاہ کریں گے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے سندھی و بلوچ برادریوں کے معززین اور نوجوانوں کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں دلی مبارکباد پیش کی۔

## جو تحریکیں نظم وضبط سے غافل ہو جاتی ہیں وہ کبھی بھی اپنی منزل پر نہیں پہنچ پاتیں، اے پی ایم ایس او
## اے پی ایم ایس او کے وائس چیئر مین وارا کین مرکزی کابینہ کا جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔23 جولائی 2010

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے وائس چیئر مین سید طاہر حسین نے کہا ہے کہ وہی تحریکیں ہمیشہ اپنی منزل تک پہنچتی ہیں جن میں شامل افراد مستقل مزاجی اور محنت و لگن کے ساتھ تحریکی نظریئے پر کام کرتے ہیں اور کسی بھی سطح پر رہ کر اپنے فرائض بخوبی انجام دیتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی ایم ایس او کے ذیلی سیکٹر اے کی تنظیم نو کے موقع پر منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے کہا کہ ہمیں قائد تحریک جناب الطاف حسین پر فخر ہے جنھوں نے ہمیشہ اپنے کارکنان کو حصول علم کی ہدایت دیں اور اساتذہ کرام کا احترام کرنے کا درس دیا۔انھوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کے کارکنان پر لازم ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ علم حاصل کریں اور اپنی صفوں میں اتحاد کو برقرار رکھتے ہوئے محنت و لگن سے تحریک کے مشن و مقصد اور پیغام کو طلبہ و طالبات میں پہنچائیں اور نظم وضبط کا خاص خیال رکھیں کیونکہ ہماری تحریک کا خاصہ نظم وضبط رہا ہے اور جو تحریکیں نظم وضبط سے غافل ہو جاتی ہیں وہ کبھی بھی اپنی منزل پر نہیں پہنچ پاتیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک کی جدوجہد کو 32 سال ہو چکے ہیں اور اس دوران تحریک کے ذمہ داران و کارکنان نے کئی بار کٹھن حالات دیکھے ہیں اور ہر کڑے وقت میں قائد تحریک الطاف حسین کے ساتھ ثابت قدم رہے ہیں ہمیں بھی ہر مشکل وقت کے لئے خود کو ذہنی و جسمانی طور پر تیار رکھ کر تحریک کے نظریئے کو فروغ دینا ہوگا۔انہوں نے نو منتخب سیکٹر آرگنائزر وارا کین سیکٹر کمیٹی کو مبارکباد دی اور اُمید ظاہر کی کہ وہ تحریک کے مشن و مقصد کے فروغ کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کریں گے۔اس موقع پر سیکرٹری جنرل فرحان شمس نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام کارکنان ملکی حالات پر کڑی نظر رکھیں اور تنظیمی لٹریچر کا زیادہ سے زیادہ مطالعہ کریں،اس موقع پر سینیئر جوائنٹ سیکریٹری سید فرقان علی اور مرکزی رکن نعمان سمیع کے علاوہ اے پی ایم ایس او کے کارکنان کی کثیر تعداد موجود تھی۔

## بلوچستان کے متاثرہ علاقوں میں فوری امدادی کام شروع کیا جائے، یوسف شاہوانی
## بارش کے باعث خواتین، بچوں سمیت متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر اظہار افسوس

کراچی۔۔۔23، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے بلوچستان کے شہر سبی اور دیگر علاقوں میں طوفانی بارشوں کے باعث مختلف حادثات میں خواتین اور بچوں سمیت متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے متعدد علاقوں میں بارشوں نے تباہی مچادی ہے،سینکڑوں مکانات گر گئے ہیں اور ہزاروں افراد بے گھر ہو گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کی جانب سے بارش سے متاثرہ علاقوں میں پھنسے افراد کی کوئی امداد نہیں کی جارہی ہے۔رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے گورنر اور وزیراعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے بارش سے متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر امدادی کام شروع کئے جائیں اور بے گھر افراد کو فی الفور متبادل اور محفوظ جگہوں پر منتقل کیا جائے۔

## عدالتی ملازمین کے احتجاجی دھرنے میں ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کی شرکت
## کراچی ڈسٹرکٹ اور سیشن کورٹس کے تمام کلرکس اور اسٹاف کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے، ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی

کراچی۔۔۔23، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیگل ایڈ کمیٹی نے سٹی کورٹ میں کراچی کے ڈسٹرکٹ اور سیشن کورٹس کے تمام کلرکس اور دیگر اسٹاف کی جانب سے تنخواہوں میں اضافہ کیلئے ایم اے جناح روڈ پر کئے جانے والے احتجاجی دھرنے میں شرکت کی اور عدالتی ملازمین سے مکمل ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں جائز مطالبات کے حق میں اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے اراکین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ تنخواہوں میں اضافہ نہ کئے جان کے سبب کراچی اور سندھ کے تمام ڈسٹرکٹ وسیشن کورٹس کے کلرکس اور دیگر اسٹاف میں پائی جانے والی بے چینی اور تشویش کا اظہار سختی نوٹس لیا جائے اور ان کی تنخواہوں میں دیگر صوبوں کی طرح فی الفور اضافہ کیا جائے۔

## حیدرآباد زون کے تحت ''میرا حیدرآباد ہفتہ صفائی'' پانچویں روز بھی زور وشور سے جاری رہی
## عوام کا قائد تحریک الطاف حسین سے اظہارِ تشکر

حیدرآباد۔۔۔23 جولائی، 2010

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے تحت ''میرا حیدرآباد'' ہفتہ صفائی مہم پانچویں روز بھی زور وشور سے جاری رہی اس موقع پرحق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین، سیّد طیب حسین، صوبائی وزیر نثار پہنور، سمیت اندرونِ سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اراکینِ ، حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف، جوائنٹ انچارج محمد فاروق اراکین خالد حسین ، فیروز خانزادہ نے حیدرآباد کے مختلف علاقوں قاسم آباد اور ٹنڈو جام سائٹ، زیل پارک اور لطیف آباد نمبر 7,8,9، لبرٹی چوک، روپ محل، ہیرآباد، کالی موری، مارکیٹ چوک کا تفصیلی دورہ کیا ہیں اور وہاں پر جاری صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا اور شہر کی شاہراہوں اور سڑکوں کی دھلائی فٹ پاتھ اور میڈین پر رنگ وروغن اور گرین بیلٹس کی تزئین وآرائش کے کام کا معائنہ کیا۔اس دوران اندرونِ سندھ تنظیمی اور حیدرآباد زون کے ذمہ داران حق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔جس پر صوبائی وزیر نے ان کے مسائل کو حل کرنے کیلئے موقع پر موجود انتظامیہ کو فوری ہدایات دیں۔اس موقع پر عوام نے اندورنِ سندھ تنظیمی کمیٹی سمیت حیدرآباد زون کے ذمہ داران وکارکنان سے اظہار تشکر کیا اور قائد تحریک کی جانب سے ہفتہ صفائی مہم کا خیر مقدم کیا اور انہیں خراج تحسین بھی پیش کیا اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

## لاہور شاہدرہ ٹاؤن میں بوسیدہ مکان کی چھت گرنے سے دو بچوں ہلاکتوں پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔23، جولائی، 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لاہور کے علاقے شاہدرہ ٹاؤن میں بوسیدہ مکان کی چھت گرنے سے دو بچوں ہلاکتوں پر گہرے دکھ اور افسوس اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی ہے اللہ تعالی مرحومین کو جنت الفردس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆